Date:

# اسلامی تہذیب کی خصوصیات پر نوٹ لکھیں۔

## تعارف:

اسلامی تہذیب کو شروع سے ہی اس کی اہم خصوصیات کی وجہ سے اہمیت حاصل ہے۔ بنیادی عقائد اور عبادات اس کی اہم خصوصیات ہیں۔ مزید براں اس کی دیگر خصوصیات ہیں مسئولیت کا تصور، انسانی مساوات، عظمت انسانیت، انسانی حقوق کا تحفظ، عدل و انصاف، مذہبی رواداری، توازن اور اعتدال، اخوت و بھائی چارہ، امر بالمعروف و نہی عن المنکر اور دیگر شامل ہیں جو اسلامی تہذیب کو دیگر سے مختلف بناتی ہیں۔ مختصر یہ کہ اسلامی تہذیب ایک مکمل اور جامع تہذیب ہے۔

## اسلامی تہذیب کی خصوصیات

### ۱) بنیادی اسلامی عقائد:

تہذیب اسلام کی اہم خصوصیت بنیادی عقائد ہیں جس میں توحید، رسالت اور عقیدہ آخرت شامل ہیں۔

عقیدہ توحید اسلام کا سب سے اہم بنیادی عقیدہ ہے۔ اس سے مراد ہے اللہ تعالیٰ کو اس کی ذات، صفات اور افعال میں واحد اور یکتا ماننا۔ عقیدہ توحید پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا۔

**"کہہ دیجئے اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ اس کا کوئی ہمسر نہیں۔" (القرآن)**

Scanned with CamScanner

Date: Day:

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی اصلاح اور رہنمائی کے لیے نبی اور رسول بھیجے۔ عقیدہ رسالت کا مطلب ہے ان تمام رسولوں پر ایمان لانا اور ان کی تعلیمات پر عمل کرنا۔

"ہم نے ہر قوم میں رسول بھیجا ہے" (القرآن)

اس طرح آخرت کے روز اور سزا جزا پر بھی ایمان لانا اسلام کا اہم جز ہے۔

## 2) اسلامی عبادات:

اسلامی عبادات بھی اسلامی تہذیب کا نمایاں پہلو ہیں۔ نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج جیسی فرض عبادات شامل ہیں۔ جن کی ادائیگی پر قرآن اور احادیث میں بہت زور دیا گیا ہے۔

## 3) مسئولیت کا تصور

اسلامی تہذیب میں مسئولیت کا تصور بھی موجود ہے۔ ہر انسان کسی نہ کسی کے سامنے جوابدہ ہے۔ مسلمان قیامت کے روز اللہ کے سامنے اپنے اعمال کے لیے جوابدہ ہیں۔ یہ تصور انسان کو برائی سے دور اور نیکی کے قریب لے جاتا ہے۔ ذمہ داری اور جوابدہی کا احساس نیکیوں میں اضافے کا سبب بنتا ہے اور ایک معاشرے میں امن و امان اور محبت کی فضا پیدا ہوتی ہے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

"تم میں سے ہر کوئی ذمہ دار ہے اور اس سے اس کی ذمہ داری سے متعلق پوچھا جائے گا"

Date: Day:

## 4) اسلامی تہذیب اور انسانی مساوات

اسلامی تہذیب کی اہم خوبی انسانی مساوات کا تصور ہے۔ اسلام میں تمام امیر غریب، بادشاہ فقیر سب برابر ہیں۔ اسکی عمدہ مثال یہ ہے کہ ہر سال حج کے موقع پر لاکھوں مسلمان مساوات کا عملی مظاہرہ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ نماز میں بھی تمام لوگ ایک ہی صف میں کھڑے ہو کر نماز ادا کرتے ہیں اور مساوات کا ثبوت دیتے ہیں۔

اسلام کی نظر میں تمام انسان برابر ہیں اور فضیلت صرف تقوی کی بنیاد پر ہے۔ محمد ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر ارشاد فرمایا:

**"کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر، اسی طرح کسی گورے کو کالے پر اور کسی کالے کو گورے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں ہے، سوائے تقوی کے۔"**

## 5) عظمت انسانیت

انسانی عزت و تکریم کا تحفظ بھی اسلام کی تہذیب کی اہم خصوصیات میں سے ایک ہے۔ اسلام نے انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ دیا۔ اللہ تعالی نے انسان کی تخلیق کے بعد اس کی تکریم کے لیے فرشتوں سے سجدہ کروایا۔ ارشاد باری تعالی ہے:

**"ہم نے اولادِ آدم کو عزت دی ہے۔"** (القرآن)

Scanned with CamScanner

Date: Day:

## 6) انسانی بنیادی حقوق :

اسلامی تہذیب میں تمام انسانوں کو بنیادی اور مساوی حقوق حاصل ہیں۔ ان حقوق میں زندگی کا حق، جائیداد اور تعلیم کا حق، معاشی و قانونی حقوق، عزت کا تحفظ، سیاسی حق اور دیگر حقوق شامل ہیں۔ حضرت محمدؐ نے حجتہ الوداع کے موقع پر تمام انسانوں کے لیے مساوی حقوق مقرر کیے۔

## 7) مذہبی رواداری

مذہبی رواداری بھی اسلامی تہذیب کی ایک اہم خصوصیت ہے۔ اس سے مراد ہے کہ کسی بھی مذہب کے لوگوں کو اسلامی ریاست میں رہتے ہوئے اپنی مذہبی تعلیمات اور عبادات کی ادائیگی کا مکمل اختیار ہے۔ کسی سے بھی زبردستی اسلام قبول کروانے سے منع کیا گیا ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد ہے:

"دین میں کوئی جبر نہیں۔" (القرآن)

## 8) عدل و انصاف :

عدل و انصاف کی فراہمی میں بھی اسلامی تہذیب کا ایک اہم پہلو ہے۔ اسلام میں قانون کی نظر میں سب برابر ہیں۔ اسلام نے تمام انسانوں کے لیے انصاف کی فراہمی کو بلاتفریق یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے لگو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔" (القرآن)

Scanned with CamScanner

Date: Day:

اسی طرح ایک اور مقام پر قرآن کریم میں ارشاد ہے:

**"عدل کرو، یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے" (القرآن)**

اسی طرح حضرت محمدؐ نے بھی قانون میں انصاف کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے فرمایا:

**"اگر میری بیٹی فاطمہ بھی چوری کرتی تو میں اس کے بھی ہاتھ کاٹنے کا حکم دیتا"**

## 9) توازن اور اعتدال

اسلام ہر معاملے میں توازن اور اعتدال کا حکم دیتا ہے۔ خرچ کے معاملے سے لے کر عبادات تک ہر پہلو میں میانہ روی کا حکم ہے۔ میانہ روزی نہ صرف معاشرتی بلکہ معاشی استحکام کی بھی ضمانت ہے۔

## 10) امر بالمعروف ونہی عن المنکر:

اسلامی تہذیب کی اہم خوبیوں میں سے ایک امر بالمعروف ونہی عن المنکر ہے جو اسے باقی تہذیبوں سے منفرد بناتی ہے۔ اس کا مطلب ہے نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا ہے۔ اسی خوبی کی وجہ سے اس امت کو قرآن کریم میں "خیر الامت" کہا گیا ہے۔

"تم بہترین اُمت ہو جو لوگوں کی طرف بھیجی گئی ہو، تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو۔" (القرآن)

## 11) اخوت و بھائی چارہ

اخوت و بھائی چارہ بھی ایک اہم خصوصیت ہے۔ اس کے تحت تمام مسلمان خواہ دنیا میں کہیں بھی ہوں ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

"مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔" (القرآن)

## 12) اسلامی تہذیب اور اخلاقی اقدار

اسلام انسانوں میں اخلاقی اقدار کو فروغ دیتا ہے۔ جس میں حسن سلوک، اخلاق، ایفائے عہد، سچائی، مساوات اور دیگر اقدار کا درس شامل ہے۔ محمد ﷺ کا ارشاد ہے:

"بے شک مجھے عمدہ اخلاق کی تکمیل کے لیے مبعوث فرمایا گیا ہے۔"

## 13. عالمگیریت و آفاقیت

اسلامی تہذیب کسی ایک قوم یا وقت کے لیے نہیں بلکہ یہ اسلامی تعلیمات قیامت تک کے تمام انسانوں کی رہنمائی کے لیے موجود ہیں۔

Scanned with CamScanner

## 14. مکمل اور جامع تہذیب

اسلامی تعلیمات میں زندگی ہر معاملے میں رہنمائی موجود ہے۔ اس میں نہ صرف دینی بلکہ دنیاوی معاملات کے احکامات بھی موجود ہیں مثلاً اسلام کا معاشی، سیاسی نظام اور دیگر موضوعات پر بھی رہنمائی موجود ہے۔

## حاصلِ بحث:

اسلامی تہذیب کو ہمیشہ ہی سے ایک نمایاں مقام حاصل ہے۔ اس کی نمایاں خصوصیات ہیں جو اس کو دیگر تہذیبوں سے منفرد بناتی ہیں۔ عقائد، عبادات، مساوات، بنیادی حقوق، رواداری، عدل و انصاف اور دیگر خصوصیات شامل ہیں۔

Scanned with CamScanner